www.haal.com.pk

روزنامہ حال کوئٹہ

جلد نمبر 28
شمارہ نمبر 344
قیمت 10 روپے

بروز بدھ 24 دسمبر 2025ء
03 رجب المرجب 1447ھ

Daily HAAL Quetta E-mail:dailyhaalmail@gmail.com Ph: 081-2826300 - Fax:081-2834275 ABC Certified

عراق، صدر مملکت آصف علی زرداری مسجد کوفہ کا دورہ کر رہے ہیں

شہباز شریف، یواے ای سفیر ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے پائدار عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ متحدہ عرب امارات کے صدر اور ابوظہبی کے حکمران، عزت مآب شیخ محمد بن زاید النہیان کے آئندہ دورہ پاکستان کے منتظر ہیں۔ دوطرفہ اقتصادی تعلقات کو مزید فروغ دینے، تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے کے ساتھ (باقی صفحہ 3 بتیسر 15)

پاکستان کو بیک وقت متعدد اور مسلسل چیلنجز کا سامنا ہے

تمام چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہمہ جہتی تیاری کی ضرورت، فیلڈ مارشل

دشمن عناصر براہ راست محاذ آرائی کے بجائے بالواسطہ اور مبہم طریقے اختیار کر رہے ہیں، جن میں پراکسیز کے ذریعے داخلی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانا شامل ہے، سید عاصم منیر

چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ، قومی سلامتی کو درپیش چیلنجز اور ان سے نمٹنے کیلئے درکار اقدامات پر تفصیلی بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ، قومی سلامتی کے چیلنجز پر خطاب، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو بیک وقت متعدد اور مسلسل چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں روایتی، غیر روایتی، انٹیلی جنس، سائبر، اطلاعاتی، معاشی اور معاشی محاذ شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نے آج نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ کیا، جہاں انہیں نیشنل سکیورٹی اینڈ وارگیمز میں شریک سول و عسکری افسران کے پینل کی جانب سے قومی سلامتی کو درپیش چیلنجز اور ان سے نمٹنے کے لیے درکار اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اپنے خطاب میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بدلتے ہوئے سماجی، معاشی اور داخلی سلامتی کے پیچیدہ منظرنامے پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو ایک (باقی صفحہ 3 بتیسر 1)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کی PTI کو مذاکرات کی پیشکش

پی ٹی آئی سے مذاکرات کیلئے تیار مگر بلیک میلنگ نہیں چلے گی، کلی خوشحالی کیلئے سیاسی جماعت کیساتھ بات چیت کیلئے تیار ہیں، شہباز شریف

پہلے بھی مذاکرات کی دعوت دی گئی تھی، اب بھی تیار ہیں، تاہم مذاکرات کی آڑ میں بلیک میلنگ کسی صورت قبول نہیں، پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام سیاسی جماعتوں میں ہم آہنگی ضروری ہے

ملکی تاریخ کی سب سے بڑی بحکمرانی ہوگی، کابینہ ارکان نے بہت محنت کی، بولی کا عمل شفاف بنانا نیکی ضرورت تھی تاکہ یہ کامیاب ہو، فیلڈ مارشل کو کنگ عبدالعزیز ایوارڈ ایوارڈ نہیں بلکہ پوری قوم کیلئے اعزاز ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر پی ٹی آئی کو مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ مذاکرات کیلئے بھیشہ تیار ہیں، تاہم مذاکرات کی آڑ میں بلیک میلنگ کسی صورت قبول نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو وفاقی کابینہ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم کی زیرصدارت وفاقی کابینہ اجلاس میں ملکی اہم سیاسی اور اقتصادی امور پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے واضح کیا کہ میں اکیلی میں بار بار کہہ چکا ہوں کہ پی ٹی آئی جیسے معاملات ہیں، صرف ان کی رہائی میں ڈائیلاگ کیلئے تیار ہے، تو حکومت بھی مذاکرات کیلئے تیار ہے، غیر قانونی مطالبات اور بلیک میلنگ کے ساتھ بات نہیں ہو سکتی۔ جو جائز مذاکرات کیلئے تیار ہیں، تاہم مذاکرات کی آڑ میں بلیک میلنگ کسی صورت قبول نہیں، پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام سیاسی جماعتوں میں ہم آہنگی ضروری ہے (باقی صفحہ 3 بتیسر 2)

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نیشنل سکیورٹی اداروں کے سربراہ سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان گرینڈ الائنس نے احتجاج کا اعلان کر دیا

30 دسمبر کو قلم چھوڑ ہڑتال اور 31 دسمبر کو صوبہ بھر میں دفاتر کی تالہ بندی کریں گے

مطالبات کے حق میں صوبہ بھر کے پریس کلبوں کے سامنے احتجاجی کیمپ لگائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی آرگنائزر پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ اور جنرل سیکرٹری حاجی علی اصغر جنگلیانی، رشید سکاٹی نے کہا ہے کہ ہم اپنے مطالبات کے حصول اور ذری آرا کے لئے احتجاج کا اعلان کر رہے ہیں 30 (باقی صفحہ 3 بتیسر 16)

پولیس کی قربانیاں پوری قوم کیلئے باعث فخر ہیں، وزیراعظم

وزیراعظم کی کرک میں پولیس کی گاڑی پر دہشتگردوں کی فائرنگ کے واقعے کی مذمت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع کرک میں پولیس کی گاڑی پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت (باقی صفحہ 3 بتیسر 17)

سیاسی کارکنوں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو کسی سمجھوتے نہیں کیا جائیگا

پیپلز پارٹی کا وزیراعظم کے خطاب کا خیر مقدم

وزیراعظم بلوچستان نے پاکستان پیپلزپارٹی کے سرگرم رکن عصمت اللہ شلجی کی جلد صحت یابی کیلئے دعا اور نیک تمناؤں کا اظہار

کوئٹہ (بی آر) وزیراعظم بلوچستان سردار اختر مینگل نے پاکستان پیپلزپارٹی کے سرگرم رکن عصمت اللہ شلجی پر فائرنگ کے واقعے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ سیاسی کارکنوں اور عوام کے جان و مال سے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ایسے بزدلانہ واقعات میں ملوث عناصر کو قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان نے واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتاری اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے واقعے میں سیاسی کارکن اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ایسے بزدلانہ واقعات میں ملوث عناصر کو قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر (باقی صفحہ 3 بتیسر 6)

دو کروڑ 60 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں، فرح ناز اکبر

اسلام آباد (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے تعلیم فرح ناز اکبر نے کہا ہے کہ پاکستان کو دہشت گردی اور انتہا پسندی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، جن کا (باقی صفحہ 3 بتیسر 19)

عرفان شفیع کھوکھر پارٹی کا قابل قدر اثاثہ تھے، نواز شریف

نواز شریف کی عرفان شفیع کھوکھر مرحوم اور مرغوب احمد کی رہائش گاہوں پر تعزیت خوانی

لاہور (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعظم مریم نواز شریف کی ایم پی اے عرفان شفیع کھوکھر مرحوم اور میاں مرغوب احمد کی رہائش گاہوں پر آمد ہوئی۔ نواز شریف اور وزیراعظم مریم نواز شریف نے شفیع کھوکھر مرحوم (باقی صفحہ 3 بتیسر 20)

مجھے چیئرمین کے پاس اگر مینڈیٹ ہوتے تو ضرور مذاکرات کرتے

بیرسٹر گوہر

اگر علیمہ خان کہہ رہی ہیں کہ کسی کے پاس مذاکرات کے اختیارات موجود نہیں تو ضرور کوئی صحیح آیا ہوگا

عوام کو بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے معلوم ہونا چاہیے یہ ہمارا حق بنتا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

راولپنڈی (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ اڈیالہ کے پاس اگر چیئرمین کے پاس اختیارات موجود ہوتے تو ضرور مذاکرات کریں لیکن اگر علیمہ خان کہہ رہی ہیں کہ کسی کے پاس مذاکرات کے اختیارات موجود نہیں تو ضرور کوئی صحیح آیا ہوگا۔ راولپنڈی داڈھکل ہاؤسز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج ملاقات کا گلہ تو نہیں، رہا لیکن ملاقات ضرور ہونی چاہیے، مسائل بڑھ رہے ہیں ملک پہلے مشکلات سے دوچار ہے مگر نہ جو تو سال ختم ہونے سے قبل ملاقات ہونی چاہیے، ہمیں کسی ملاقات پر کوئی (باقی صفحہ 3 بتیسر 4)

صدر کی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے روضہ مبارک پر حاضری

سعید کوفی میں نوافل ادا کئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منسوب مکان کی زیارت کی

نجف (آن لائن) صدر آصف علی زرداری نے نجف اور کوفہ میں مقامات مقدسہ پر حاضری دی۔ صدر مملکت نے نجف میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے روضہ (باقی صفحہ 3 بتیسر 31)

لاڑکانہ میں براہ جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمٰن کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

عمران خان کے بیٹوں نے ویزا اپلائی کر دیا، بابر اعوان

بیٹوں نے خوف ہے کہ انہیں کرا دیا گئی تو وہ واپس آ جائینگے، بہتر قانون دان

اسلام آباد (آن لائن) کنٹرکٹر قانون دان بابر اعوان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے خلاف مظالم جاری رہے تو اگلے بیٹے واپس ضرور آئیں گے اور بیٹوں نے (باقی صفحہ 3 بتیسر 18)

اسلام آباد قائمقام صدر یوسف رضا گیلانی میڈیا کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

عارف حبیب کنسورشیم نے پی آئی اے کے 135 ارب میں خرید لی

قومی ایئرلائن کے جہاز اب عارف حبیب کنسورشیم گروپ اڑائے گا، بکی کنسورشیم اور عارف حبیب کنسورشیم کے درمیان بولی لگانے کے 3 راؤنڈ ہوئے

بیس کیوں کا جیت پاکستان کی ہے، جب ایک اور ادارے میں تھا تو یہی کہا کرتا تھا، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی مشیر چیکاری اور ٹیم کو کامیاب بولی پر تاریس پر مبارکباد

اسلام آباد (آن لائن) قومی ایئرلائن (پی آئی اے) کو عارف حبیب کنسورشیم نے نجکاری کمیشن کی تقریب میں 135 ارب روپے میں خرید لی ہے جس کے بعد قومی ایئرلائن کے جہاز اب عارف حبیب کنسورشیم گروپ اڑائے گا، انہوں نے ادارے کے 75 فیصد شیئرز 135 ارب روپے میں خرید لیے ہیں۔ پی آئی اے کی نجکاری کی تقریب میں بکی کنسورشیم اور عارف حبیب کنسورشیم کے درمیان پی آئی اے کی نجکاری میں بولی لگانے کے 3 راؤنڈ ہوئے، راؤنڈ میں عارف حبیب کنسورشیم نے 115 ارب جبکی کنسورشیم نے 101 ارب 50 کی بولی لگائی تھی۔ دوسرے مرحلے میں پی آئی اے کی بولی 121 ارب روپے پر روکی گئی تھی، جس کے بعد وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے (باقی صفحہ 3 بتیسر 5)

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سرکاری لیقین دہانیوں کا اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سرکاری لیقین دہانیوں کا اجلاس سینیٹر مومنہ اکلوتر خان سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت ہوا۔ (باقی صفحہ 3 بتیسر 21)

ٹوچال پولیس ناکہ کی حدود میں تاریخ کا دوں کے ریلے ٹریک پر بڑا حادثہ کرنے کی کوشش کرا دوا

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) ٹوچال پولیس تھانہ کی حدود میں تاریخ کا دوں کے ریلے ٹریک پر حادثہ کرنے کی (باقی صفحہ 3 بتیسر 22)

معاشی اصلاحات، پاکستانی معیشت میں نمایاں بہتری

صارفین کے اعتماد میں مجموعی طور پر 19 فیصد اضافے کی تصدیق

اسلام آباد (آن لائن) انفیوژن انوسٹمنٹ ایسیلیشن کونسل (انس آئی ایف سی) کی موثر سہولت کاری اور چابک دستی سے معاشی اصلاحات کے نتیجے میں پاکستانی (باقی صفحہ 3 بتیسر 23)

غزہ، اسپتالوں میں زندگی اور موت کی جنگ، دواؤں کی قلت

اسرائیلی فوج نے غزہ میں 34 اسپتال سمیت 125 صحت کے مراکز مکمل طور پر تباہ کر دیے

غزہ (آن لائن) غزہ میں دواؤں کی شدید قلت پیدا ہوگئی جس کے باعث اسپتالوں میں زیر علاج ہزاروں مریضوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ گئی ہیں۔ غزہ (باقی صفحہ 3 بتیسر 24)

چیئرمین نیشنل ایکم سپورٹ پروگرام ڈاکٹر روبینہ خالد ایم جناح اور کرسمس کا کیک کاٹ رہی ہیں

وزیر خزانہ

اقتصادی رابطہ کمیٹی نے فائبر آپٹک سپیکٹرم کی نیلامی کی منظوری دیدی

جلد پاکستان میں فائیو جی متعارف ہو جائیگا، انٹرنیٹ کی اسپیڈ کیساتھ اسکی رسائی بھی بڑھائیں گے، نشرا فاطمہ خواجہ

مالی اور ڈیجیٹل شمولیت میں پیکٹیکم کا بہت بڑا کردار ہے، ڈیجیٹل پاکستان کے سفر میں تیزی لا رہے ہیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل پاکستان پروگرام آگے بڑھانے کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے اور حکومت اس سفر میں تیزی لا رہی ہے، مالی اور ڈیجیٹل شمولیت میں پیکٹیکم کا بہت بڑا کردار ہے، جس پیکٹیکم کی نیلامی میں ہوئی ایک لاکھ سے زائد کے لیے مالی نقصان ہے۔ وزیر خزانہ (باقی صفحہ 3 بتیسر 7)

وزیر مملکت فی شمرہ فاطمہ خواجہ کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل پاکستان پروگرام کی زیر صدارت ہوا کہ ڈیجیٹل پیکٹیکم کی نیلامی کی منظوری دیدی ہے۔ وفاقی

پی آئی اے میں دلچسپی، کمپنیوں کا شکر گزار ہوں، محمد علی

معاہدے کے تحت 67 فیصد ادائیگی 90 سے 120 دن کے اندر کلیئر کی جائیگی

اسلام آباد (آن لائن) اشٹیٹ ایکچینج محمد علی پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی نجکاری کے عمل میں حصہ لینے والی بڈر کمپنیوں کا شکریہ ادا کرتے (باقی صفحہ 3 بتیسر 35)

اسٹاک ایکسچینج نئی بلندیوں پر، سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال

ایکسچینج نے ڈالر کی بنیاد پر 47 فیصد جبکہ روپے کی بنیاد پر 48 فیصد شاندار ریٹرن دیا

کراچی (آن لائن) پاکستان میں مالی اور تیل کی سرمایہ کاروں کا اعتماد ایک بار پھر بحال ہوتا دکھائی دے رہا ہے، جس کا واضح ثبوت پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی (باقی صفحہ 3 بتیسر 36)

کرک کے تھانہ کرکری کی حدود میں پولیس موبائل پر فائرنگ 5 اہلکار شہید

پولیس موبائل میں 5 اہلکار سوار تھے، لاشیں اسپتال منتقل کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا، ڈی پی او سعود خان

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس نے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے، وزیراعظم شہباز شریف

کرک (آن لائن) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک کے تھانہ کرکری کی حدود میں پولیس موبائل پر فائرنگ کی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ سے 5 پولیس اہلکار شہید ہو گئے۔ ڈی پی او سعود خان کا کہنا ہے کہ پولیس موبائل میں 5 اہلکار سوار تھے۔ پولیس اہلکاروں کی لاشیں اسپتال منتقل کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ضلع کرک میں پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کے شدید مذمت کرتے ہوئے اعلان کیا ہے 5 پولیس اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے شہدا کی بلندی درجات کی دعا (باقی صفحہ 3 بتیسر 3)

تعلیمی اداروں میں مساجد کا قیام اہم ہے، احسن اقبال

جدید تعلیم کو اسلامی اقدار کے ساتھ ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، خطاب

نارووال (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ جدید تعلیم کو اسلامی اقدار کے ساتھ ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم (باقی صفحہ 3 بتیسر 26)

غزہ میں صیہونی حملے جاری، 4 فلسطینی شہید، متعدد زخمی

غزہ سمیت مغربی کنارے میں اسرائیلی نضائی اور زمینی کارروائیاں برقرار ہیں، عرب میڈیا

غزہ (آن لائن) جنگ بندی معاہدے کے باوجود اسرائیلی طیاروں کی غزہ میں فضائی بمباری جاری ہے، غزہ سمیت مغربی کنارے میں اسرائیلی فضائی اور زمینی (باقی صفحہ 3 بتیسر 27)

نواز شریف (کل) اپنی 76 ویں سالگرہ منائیں گے

لاہور (آن لائن) سابق وزیراعظم و مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف کل 25 دسمبر (بروز جمعرات) کو اپنی 76 ویں سالگرہ منائیں گے۔ محمد نواز شریف کی سالگرہ کے موقع پر پارٹی کے مختلف جگہوں اظہار کی تقریب پر سالگرہ کی تقریبات کا اہتمام کریں گے جس میں کیک کاٹنے کے علاوہ (باقی صفحہ 3 بتیسر 37)

بلوچستان میں ڈینگی کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں، گورنر

ڈینگی کے خلاف آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے، گورنر

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ڈینگی کے خلاف آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے، ڈینگی کے خلاف تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار گورنر بلوچستان نے ڈینگی کے خلاف آگاہی مہم کے حوالے سے منعقدہ ہائیر لیول اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان نیکیل قادر خان نجم تعلقات عامہ کی کارکردگی کے حوالے سے منعقدہ ہائیر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہمیں اجتماعی سوچ اپنانا ہوگی

وزیر تعلیم خالد

بینظیر ایکم سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام کرسمس اور قائداعظم محمد علی جناح کی سالگرہ کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

25 دسمبر تمام سب کیلئے خوشیوں کا دن ہے اس دن قائداعظم کی سالگرہ بھی ہے اور کرسمس بھی، چیئرپرسن بی ایس پی

شرکت کی۔ قائداعظم محمد علی جناح کی سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرپرسن بی ایس پی قوم میں بینظیر روبینہ خالد نے کہا کہ کھیلوں کو فروغ دینا قائداعظم

تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے بی ایس پی ملازمین، کارکنان کرسمس اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی سالگرہ کے اعزاز میں بینظیر روبینہ خالد کے ساتھ کیک کاٹا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرپرسن بی ایس پی بینظیر روبینہ خالد نے کہا کہ کھیلوں کو فروغ دینا قائداعظم محمد علی جناح کی سالگرہ کے موقع پر قوم میں اتحاد کا پیغام دیتا ہے، وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صالح پیرزادہ نے کہا کہ ہم اپنے مطالبات کے حصول اور ذری آرا کے لئے احتجاج کا اعلان کر رہے ہیں 30 (باقی صفحہ 3 بتیسر 8)

ایف بی آر کا ٹیکس کا پورٹل میں پہلی مقامی کرنسی سرمایہ کاری کا اعلان

اسلام آباد (آن لائن) اشٹیٹ ایکچینج کا پورٹل پر پہلی کرنسی سرمایہ کاری کا اعلان کیا گیا ہے، جو بدھ کو پبلک گروپ کا پہلا پیشہ سکیورٹیز متعلق (باقی صفحہ 3 بتیسر 30)

روزنامہ حال
Daily "H A A L" Quetta
چیئرمین ایڈیٹر انچیف نظر فرابلوچ نے اسسٹنٹ پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر فیسہ نمبر 204 سیکٹر فلور ریونیو سرل کمپلیکس کوئٹہ سے شائع کیا۔ PhNo:081-2869017

خطے میں دہشتگردی کے اصل اسباب

خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز کی 2 مختلف کارروائیوں میں 9 خوارج ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق، سیکورٹی فورسز نے اخیل جنس بیمڈ کی گئی کارروائیوں میں فتنہ الخوارج کے 9 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں خوارج کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر پکیلی کا رروائی کی گئی جس میں شدید فائرنگ کے تبادلے میں 4 خوارج کو ہلاک کیا گیا۔ اسی طرح سیکورٹی فورسز کی بنوں میں ایک اور کارروائی میں 5 خوارج مارے گئے۔ شرپسندوں سے بھاری مقدار میں گولہ بارود اور اسلحہ برآمد ہوا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق، ان علاقوں میں مزید خوارج کے خاتمے کے لیے سینی ٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ پاکستان ایک طویل عرصے سے دہشت گردی کے عفریت کا سامنا کر رہا ہے اور یہاں دہشت گردی کی ایک بڑی وجہ ہمارے ہمسایے میں افغانستان کا واقع ہونا ہے جو دہشت گردوں کا گڑھ ہے۔ 2021ء میں افغان طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد یہ امید کی جا رہی تھی کہ دونوں ممالک کے درمیان سرحدی سلامتی، دہشت گردی کے خاتمے اور علاقائی استحکام کے حوالے سے تعاون بڑھے گا مگر زمینی حقائق اس کے برعکس ثابت ہوئے۔ پاکستان میں ہونے والے متعدد دہشت گرد حملوں کے تانے بانے افغانستان سے ملتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ریاستِ پاکستان بارہا کابل حکومت سے مطالبہ کر چکی ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے۔ پاکستان کی بہادر سیکورٹی فورسز افغانستان سے دہشت گردی کے لیے پاکستان کے مختلف علاقوں میں داخل ہونے والے شرپسندوں کا خاتمہ تو کر رہی ہیں لیکن یہ کارروائیاں وقتی کامیابی کا ذریعہ بنتی ہیں، اصل مسئلہ اس وقت تک حل نہیں ہوسکتا جب تک دہشت گردوں کی سرپرستی اور محفوظ پناہ گاہوں کا مکمل خاتمہ نہ ہو۔ افغان طالبان کی عبوری حکومت کے لیے یہ ایک فیصلہ کن لمحہ ہے۔ ایک طرف وہ بین الاقوامی برادری سے تسلیم کیے جانے، معاشی امداد اور سفارتی تعلقات کے خواہاں ہیں اور دوسری جانب ان کی سرزمین سے پاکستان کے خلاف دہشتگردی ہو رہی ہے۔ یہ دوہرا معیار نہ صرف پاکستان بلکہ خود افغانستان کے مفاد کے بھی خلاف ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ افغانستان کو فتنہ الخوارج اور پاکستان میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ دو کشتیوں میں سوار ہو کر کوئی بھی ریاست دیرتک توازن برقرار نہیں رکھ سکتی۔ اس تناظر میں ایک اور اہم پہلو افغان طالبان اور بھارت کے بڑھتے ہوئے روابط ہیں۔ بھارت جو ماضی میں افغانستان میں بھاری سرمایہ کاری کرتا رہا ہے، طالبان حکومت کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے۔

شریعت نہیں، جنگ نظری: طالبان کا خواتین دشمن نظریہ

افغانستان میں طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد خواتین ایک بار پھر مظلومیت اور محرومی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ آزادی، تعلیم اور روزگار کے دروازے ان پر بند کر دیے گئے ہیں۔ 2021 میں جب طالبان نے کابل کا کنٹرول سنبھالا تو ابتدا میں انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ ماضی کی غلطیوں کو

تحریر: فاطمہ ثریا

نہیں دہرائیں گے مگر جلد ہی ان وعدوں کی حقیقت کھل کر سامنے آگئی۔ آج افغانستان کی خواتین گھروں میں قید ہیں ان کے لیے تعلیم، ملازمت اور سماجی زندگی سب ممنوع قرار دے دی گئی ہے۔ طالبان حکومت کا سب سے پہلا اور سب سے خاموش فرمان لڑکیوں کی تعلیم پر پابندی تھا۔ چھٹی جماعت کے بعد لڑکیوں کے اسکول بند کر دیے گئے یونیورسٹیوں میں خواتین کے داخلے پر پابندی لگا دی گئی۔ طالبان کے مطابق وہ اقدام اسلامی اقدار کے تحفظ کے لیے کیا گیا لیکن حقیقت میں یہ خواتین کو شعور اور ترقی سے محروم رکھنے کی ایک منظم کوشش ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق، اس وقت افغانستان دنیا کا واحد ملک ہے جہاں لڑکیوں کو باضابطہ پرائمری تعلیم حاصل کرنے سے روکا جا رہا ہے۔ ایک ایسے معاشرے میں جہاں پہلے ہی شرح خواندگی کم ہے آبادی کا نصف دور رکھنا ترقی کے تمام امکانات ختم کرنے کے مترادف ہے۔ تعلیم کے بعد طالبان نے خواتین کی ملازمتوں پر بھی حتمیاں شروع کیں۔ سرکاری اداروں، بینکوں، غیر سرکاری تنظیموں اور حتیٰ کہ اقوام متحدہ کے منصوبوں میں کام کرنے والی خواتین کو بھی روک دیا گیا۔ ہزاروں خواتین جو اپنے گھروں کا خرچ چلاتی تھیں اچانک بے روزگار ہو گئیں۔ طالبان کا موقف ہے کہ خواتین کا گھر سے باہر نکلنا شرعی حدود کے خلاف ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ اسلام کے حقیقی پیغام سے میل نہیں کھاتا۔ اسلام نے خواتین کو کام، تعلیم اور معاشرتی کردار ادا کرنے کا مکمل حق دیا ہے۔ حضرت خدیجہؓ کاروبار کیا کرتی تھیں اور حضرت عائشہؓ علم و فہم کی علامت۔ اس لیے طالبان کا نظریہ مذہب نہیں بلکہ تنگ نظری ہے۔ طالبان کے دور میں خواتین کے لیے عوامی مقامات جیسے پارک، ہمام، ریستوران اور حتیٰ کہ حمام عام تک بند کر دیے گئے۔ انہیں گھر سے باہر نکلنے کی اجازت نہیں اور زیادہ تر شہروں میں خواتین کیلئے لباس اور نقل و حرکت کے سخت ضابطے نافذ کر دیے گئے ہیں۔ ایسی پابندیوں نے افغان خواتین کو ذہنی طور پر تنہا کر دیا ہے۔ حقوقِ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ ان پابندیوں کے نتیجے میں خواتین میں ڈپریشن، بے چینی اور خودکشی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔ ایک ایسا معاشرہ جہاں عورت خوف میں جینے پر مجبور ہو وہاں حقیقی خوشحالی ممکن نہیں۔ طالبان حکومت اپنے اقدامات کو اسلام کا لبادہ اوڑھا کر پیش کرتی ہے لیکن اکثر پالیسیوں کا اسلام کی اصل روح سے کوئی تعلق نہیں۔ قرآن کریم نے علم حاصل کرنے کو مرد و عورت دونوں پر فرض قرار دیا ہے۔ نبی اکرمؐ نے فرمایا: "علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔" اسلام نے عورت کو عزت، مقام اور حق رائے دیا ہے جبکہ طالبان نے عورت کو کمزور اور بے اختیار بنا دیا۔ درحقیقت طالبان کا نظام شریعت نہیں بلکہ ایک پدرانہ، قبائلی اور عالمی ادارہ تعلیم (یونیسف) نے متعدد بار طالبان سے مطالبہ کیا ہے کہ خواتین کے بنیادی حقوق بحال کیے جائیں۔ دنیا بھر کی انسانی حقوق کی تنظیموں نے طالبان حکومت کی خواتین دشمن پالیسیوں کی مذمت کی ہے۔ اقوام متحدہ، اوآئی سی، اور عالمی ادارہ تعلیم (یونیسف) نے متعدد بار طالبان سے مطالبہ کیا ہے کہ خواتین کے بنیادی حقوق بحال کیے جائیں۔ تاہم طالبان ان مطالبات کو مغربی دباؤ قرار دے کر مسترد کرتے ہیں۔ اسی رویے کے باعث افغانستان کی پوری قوم ایک شدید انسانی بحران کا شکار ہے۔ عالمی امداد میں کمی نے افغان عوام کی مشکلات کو مزید بڑھا دیا ہے لیکن طالبان اپنے نظریات سے پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں۔ طالبان کے جبر کے باوجود افغان خواتین نے ہمت نہیں ہاری۔ کابل، ہرات اور مزار شریف میں خواتین نے احتجاجی مظاہرے کیے جن میں انہوں نے تعلیم اور آزادی کے حق کا مطالبہ کیا۔ کئی خواتین صحافیوں اور سماجی کارکنوں نے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر بھی آواز بلند کی۔ سوشل میڈیا پر افغان خواتین نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ وہ ان کے حق میں آواز اٹھائیں۔ ان کی جدوجہد یہ ثابت کرتی ہے کہ ظلم اور جبر کے آگے خواتین کو پابند کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ افغان طالبان کی خواتین دشمن پالیسیوں کے خلاف بین الاقوامی سطح پر آواز بلند کرنا ضروری ہے۔ اقوام متحدہ، او آئی سی، یورپی یونین اور دیگر ممالک کو طالبان حکومت پر دباؤ ڈالنا چاہیے کہ وہ اپنی پالیسیوں کا از سرِ نو جائزہ لیں۔ میڈیا کو چاہیے کہ وہ ان کی کہانیوں کو اجاگر کرے۔ تعلیم، روزگار اور آزادی کے مطالبے کو عالمی سطح پر اٹھایا جائے۔ افغان خواتین کی جدوجہد ہمیں یاد دلاتی ہے کہ ظلم کتنا ہی طاقتور ہو، حق کی آواز کبھی خاموش نہیں ہوتی۔ وہ دن دور نہیں جب افغان خواتین اپنے حقوق کی بحالی کے لیے پھر سے میدان میں آئیں گی اور تاریخ انہیں ان کی ہمت اور استقامت کے لیے یاد رکھے گی۔

اسلامی تیوہار

سب ممکن کے تیار ہیں لیکن یاد ہو اور اپنے تیار ماحت وقت کھیل تماشے، پینے پلانے اور ناچ گانے وغیرہ میں کھو جاتی ہیں۔ ہم مسلمانوں کے بھی دو تیوہار ہیں۔ عید الفطر اور عید الاضحیٰ۔ مگر ہم انہیں مناتے وقت اسلامی بنیادی باتوں کو بھلا چکے ہیں، یا ہی اخوت اور انسانی وقار کو پیش نظر رکھتے ہیں۔ ہم اپنی خوشیاں دوسرے انسانوں کی دہر پر لے آتے ہیں۔ دنوں عیدوں کا آغاز اللہ تعالیٰ کی جانب میں درحمت کا نذر نامہ قیمت ہوتی ہے۔ ہوتا ہے۔ عید الفطر میں نماز سے پہلے پاشتہ کرنا مسنون ہے کیونکہ روزوں کے دوران بھی اپنی سحری کھانے کی عادت راخ ہو چکی ہوتی ہے۔ نیز اعزیہ سے پہلے فطرانہ ادا کرنا ضروری ہے۔ یوں کی طرف سے بھی فطرانہ ادا کیا جاتا ہے۔ یہ قرضہ ضرورت مندوں کو پیش کرنی چاہئے۔ فطرانہ روزوں کے دوران جو کوتاہیاں ہو جاتی ہیں، ان کا کفارہ بھی ہے۔ ہم بھی عید کے موقع پر خوشی مناتے ہیں۔ اس موقع پر اچھا کھانا، اچھا پہننا مسنون ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے "کہ اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ زینت بھی اچھا لباس کس نے حرام آپا ہے؟ یہ تو ہے ہی صاحب ایمان لوگوں کے لیے۔ کہ کافر تو ایمان والوں کے کھیل ان چیزوں سے تمتع اندوز ہے کا موقع مل رہا ہے کیونکہ اس دنیا میں کافر اور مومن ملے جلے ہیں۔ ورنہ آخرت میں جب ایمان چھا جدا کر دیا جائے گا۔ لکا نظاہر لباس اور اچھی خوراک سے محرم ہو ہوں گے۔ قرآن پاک میں یہ بھی ارشاد ہے کہ حلال وطیب کھاؤ۔ البتہ اسراف وتبذیر سے بچنے کا حکم ہے۔ اسراف ضرورت پر ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا اور تبذیر بلا ضرورت مال اڑانا ہے۔ مسذرین کو شیاطین کے بھائی فرمایا۔ نیز فرمایا

تحریر: رافعہ ذکریا

ہے۔ وڈرز فے ایجنڈے کے خلاف نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔ ٹرمپ اور بائیڈن دونوں ہی ایک ہی ہیں۔ ٹرمپ ک

بقیہ جہاں 01

ی) کو جانے والے اجلاس میں کیمپئر کی نیابی کی منظوری دیدی گئی، انہوں نے کہا کہ کیمپئر ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر ہارون، اٹیلی جنس، سائبر، ریسرچ اینوی ایٹس (نیرا) کے ہام سے کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کی گئی، نیرا نے اس اہم ادارے کا مقتدرانہ اور کمی گورننس میں تعمیلی طور پر شراکت دار کے ساتھ اپنا کردار ادا کاری کی صلاحیت اور قومی طاقت کے تمام عناصر کے درمیان ہر بوتا اور ہاتھ کی ہمآہنگی کا ہدف ہے، فیلڈ مارشل کے ایک کرشمی ہام سربراہ سے متعلق ادارے کے بجائے واولط اور ہم مہم پراقیاء کردار کے ہوتی، جن میں پراکسیز کے ذریعے ہائبرڈ کمزوریوں سے فائدہ اٹھانا شامل ہے۔ انہوں نے مستقبل کی قوادت پر زور دیا کہ وقت پیچیدہ اور کیٹر رابطی قہری اور ادارہ کیمپئر کو بوقت پہچانے اور موثر انداز میں ہام نامگ بنانے کی صلاحیت رکھنی چاہیے، اس امر پر بھی زور دیا کہ ٹیریٹر کیمپئن حالات میں دشمن اور وقت فیصلے کرنے کی صلاحیت اور قطری منصوبانی اور تحمل متنازع اور پیچیدہ سے ساختی ماحول میں انتہائی اہم اعواب ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بیٹش ڈیٹس یونیورسٹی کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایرین ڈی ایز سٹرٹیگ سوچ کے حامل اور رہنماؤں کی تیاری میں کلیدی کردار ادا کرتی رہا ہے، یہ علمی و پیشہ وارانہ تربیت کا مرکز ہے، یہاں اور محلی تاریخ پاکستان میں ڈھالنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیشہ وارانہ سکری تعلیم اور وہ جائی صلاحیت مضبوط بنانے، مقامی استعداد بڑھانے اور قومی ادارہ قومی اعتماد کو پاکستان کی شیشے تھی ہے۔

بقیہ جہاں 02

ذی کی اسی اور اب بھی تیزی تاکہ ملی خوشحالی کیلئے بنائی جا سکتی ہے درمیان آج تمام قوم کی جانب سے۔ وزیراعظم کا پیغام ہاکی ہیرو اور آئی ایس کی نیابی کی پرکھی بنا کر کہا کہ پیرس کی تاریخ کی سب سے بڑی نیابی ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پیرس کے ہاکی شائقین کا رات بھر ہمیں ہوتا آئیں اور ان کا کھیل یاد رہا ہے دکھایا جا رہا ہے، کامیاب طریقے سے پوری قوم کو معاملات بہتر ہوں گے ہاتب وزیراعظم وزیر دفاع اور وزیر خزانہ نے بہتر کارکردگی پر پاکستان کی تشکیل ممکن ہوئی ہے۔ بیٹیز ہوئیں خالد نے کہا کہ 25 جنوری کو دوبارہ کابینہ کے پاس آنا بہت ضروری ہے، کیونکہ کھیل شائقین کے ساتھ ہمارے پاسپیس کا دوبارہ کابینہ کے پاس آنا ضروری ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہر سکہ ہر الفاظ میں بولیاں آئیں اور کا کھیل یاد رہا ہے دکھایا جا رہا ہے، کامیاب طریقے سے پوری قوم کو معاملات بہتر ہوں گے ہاتب وزیراعظم وزیر دفاع اور وزیر خزانہ نے بہتر کارکردگی پر پاکستان کی تشکیل ممکن ہوئی ہے۔ بیٹیز ہوئیں خالد نے کہا کہ سارے ہاکی

DAILY HAAL QUETTA
روزنامہ حال کوئٹہ
بانی: رشید بیگ

محمد بخش کراقرا اسکولز ایسوسی ایشن کے ضلعی صدارت کے عہدے سے ہٹا دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) اقراء سکولز ایسوسی ایشن بلوچستان، پاکستان کے ضلعی تنظیم مستحق علی بزدار، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری زیب الرحمٰن کی صدارت میں ہنگامی اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں پریسٹ اعلیٰ کی مشاورت اور مرکزی ایسوسی ایشن، ضلعی عہدیداران اور ذونز کے صدور و سیکرٹریز کی مشاورت سے (باقی صفحہ 3 پر نمبر 38)

پولیس گرائمر سکول کی تنظیم نو کی جاری ہے، آئی جی بلوچستان

پولیس گرائمر سکول میں نئے تعلیمی سال سے قبل مذکورہ سکول میں یہ تمام اقدامات اٹھائے جائینگے

کوئٹہ (آن لائن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے کہا ہے کہ پولیس ملازمین کے بچوں کو اعلیٰ معیاری اور جدید تعلیم کے فروغ کے لیے پولیس گرائمر سکول کوئٹہ دوسرے کے موقع پر منتقل کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر آفیسرز اور سکول پرنسپل (باقی صفحہ 3 پر نمبر 39)

DAILY HAAL QUETTA

روزنامہ حال کوئٹہ

بانی: رشید بیگ

پنجگور، گندم بحران، محکمہ فوڈ کی غیر فعالیت پر عوام سراپا احتجاج

محکمہ فوڈ کی کنٹرولیوں کی وجہ سے پنجگور میں حالات دن بدن بدتر ہوتے جا رہے ہیں

پنجگور (آن لائن) ضلع پنجگور میں گندم کی بدمعاشی یا بھٹہ زمین، راہداری اور ہارٹ مڈ پر شدید مظاہرے 48 گھنٹے گزر چکے ہیں۔ مارکیٹ میں گندم کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں جبکہ پچیاں میں آٹا نجائی ہو چکا ہے۔ جس کی وجہ سے عوام میں غصہ اور آٹا خریدنے کے لیے (باقی صفحہ 3 پر نمبر 40)

پولیس کی کامیاب کارروائیاں، ڈکیتی کے ملزم اور شاہٹ فروش سمیت تین ملزمان گرفتار

ڈوب (آن لائن) پولیس کی کامیاب کارروائیاں، ڈکیتی کے ملزم اور شاہٹ فروش سمیت تین ملزمان گرفتار، اسلحہ اور بھاری مقدار میں شاہٹ برآمد۔ ایس ایچ او عبدالرشید کی سربراہی میں پولیس نے کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے عوام میں کو گرفتار کر کے 1025 گرام چرس، (باقی صفحہ 3 پر نمبر 41)

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے سیکرٹری ریڈیو پولیٹیو اتھارٹی شہزاد ارتج ملاقات کر رہے ہیں

کوہلو، بارش نے میونسپل کمیٹی کی کارکردگی کا پول کھول دیا

متعدد علاقوں میں گلیاں زیر آب آگئیں جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں بجلی بھگی بارش نے میونسپل کمیٹی کی ناقص کارکردگی کا پول کھول دیا۔ شہری گلیاں اور نالیاں دریا کا منظر پیش کر رہے تھے جبکہ نالیاں بند ہونے کے باعث بارش کا پانی گھروں اور دکانوں کے کھروں میں داخل ہو گیا۔ رہائشی کے مطابق کوہلو میں معمولی بارش کے بعد ہی نظام الاتاق آب و رحم بریم ہو گیا۔ متعدد علاقوں میں گلیاں آب آ گئیں جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا (باقی صفحہ 3 پر نمبر 60)

سہیل آفریدی کی جدوجہد الگ طرح کی ہوگی تو ہماری تیاری بھی الگ ہوگی، رانا ثناءاللہ

وزیر اعظم شہباز شریف نے 4 بار مذاکرات کا راستہ کھولنے کی کوشش کی، مگر پی ٹی آئی نے سنجیدگی نہیں دیکھائی

ایک گروہ اس بات پر تلا ہوا ہے کہ افراتفری، انارکی اور فتنہ پھیلانا ہے، مشیر برائے سیاسی امور کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نے پی ٹی آئی کے ساتھ جو مذاکرات کیے وہ کیسے کیے گئے، جب یہ قوانین پاس ہوئے تو کیا کسی کو پتا نہیں تھا کہ جب ہم کو قوانین پاس کرنا ہوں گے تو ہم کیا کریں گے، اسلام آباد کا کچھ گروہ کا کسی میں واپس آنا کا راستہ بچے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک گروہ اس بات پر تلا ہوا ہے کہ افراتفری، انارکی اور فتنہ پھیلانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیسے کیسے